**20.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ اسلم بیگ

**Music**

---

☆ جناب نتن نبین نے، بھارتیہ جنتا پارٹی کے قومی صدر کی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی سمیت، پارٹی کے سینئر رہنماؤں کی موجودگی میں نئی دلّی میں پارٹی صدر دفتر میں حلف لیا۔

☆ وزیر اعظم نے اعتماد ظاہر کیا ہے کہ جناب نبین، BJP کی وراثت کو آگے لے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی نوجوانی کی توانائی اور تنظیم کا تجربہ، پارٹی کیلئے فائدہ مند ہوگا۔

☆ انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے سبری مالا مندر کے اثاثوں میں خرد برد کے الزامات کے تحت تین ریاستوں کے 21 مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی ہے۔

☆ تمل ناڈو کے گورنر آر این رَوی کو اسمبلی میں DMK کا تیار کردہ خطاب، اِس میں خامیاں بتاتے ہوئے، نہیں پڑھنے دیا گیا۔

☆ اور کھیلوں میں : لداخ کے شہر لیہہ میں موسم سرما کے چھٹے کھیلو انڈیا مقابلے شروع ہوگئے ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**BJP New Prez**

بی جے پی کے کارگزار صدر نتن نبین کو پارٹی کا نیا قومی صدر منتخب کیا گیا ہے۔ پارٹی کے قومی ریٹرننگ افسر ڈاکٹر کے۔لکشمن نے آج پارٹی صدر کے طور پر جناب نبین کے انتخاب کا اعلان کیا اور نئی دِلی کے پارٹی ہیڈکوارٹرس میں Sangathan Parv پر انتخاب کا سرٹیفکیٹ اُن کے سپرد کیا۔

BJP کے سینئر رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی اور مرکزی وزراء امت شاہ، راج ناتھ سنگھ، جے پی نڈا اور نتن گڈکری نے جناب نبین کو مبارکباد دی ہے۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے BJP کا قومی صدر چنے جانے پر جناب نبین کو مبارکباد دی اور اِسے دنیا کی سب سے بڑی پارٹی قرار دیا۔ جناب مودی نے کہا کہ جناب نبین BJP کی وراثت کو آگے بڑھائیں گے۔

اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ BJP کے نومنتخبہ قومی صدر کا تعلق ایسی نسل سے ہے، جس نے ملک میں بڑی اقتصادی، سماجی

اور ٹیکنالوجیکل تبدیلیاں دیکھی ہیں۔ وزیراعظم نے اِس بات کو بھی اُجاگر کیا کہ جناب نبین میں جوش وخروش ہے اور تنظیمی امور میں اُنہیں وسیع تجربہ حاصل ہے، جو پارٹی کے ہر ایک کارکن کیلئے بہت فائدے مند ہوگا۔

**S/B: Modi**

وزیراعظم مودی نے یہ بات بھی زور دے کر کہی کہ گزشتہ کئی مہینوں سے تنظیم کے سب سے چھوٹے یونٹ سے لے کر قومی صدر کے انتخاب تک پورا عمل جمہوری طریقے سے انجام دیا گیا ہے۔

اُدھر مرکزی وزیر جے پی نڈا نے بھی جناب نبین کے انتخاب کو سراہا ہے اور اِسے ایک تاریخی موقع قرار دیا ہے۔ جناب نڈا نے کہاکہ جناب نبین اپنے نظریاتی پس منظر کے اعتبار سے پختہ شخصیت کے مالک ہیں اور اُنہوں نے بہت کم عمری میں پانچ مرتبہ MLA کے طور پر خدمات انجام دی ہیں اور وہ اب بھی MLA ہیں۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ ایک نوجوان، پُرجوش اور باصلاحیت شخص نے قومی صدر کی ذمے داری سنبھالی ہے۔

**Byte: Nadda**

## ED Sabarimala

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے کالے دھن کو جائز بنائے جانے کی روک تھام سے متعلق قانون 2002 کے تحت کیرالہ، تمل ناڈو اور کرناٹک میں 21 ٹھکانوں پر تلاشی لی ہے۔ تلاشی کی یہ کارروائی سبریمالا مندر سے متعلق سونے اور مندر کے دیگر اثاثوں کی خردبرد کے سلسلے میں کی گئی ہے۔ کیرالہ کرائم برانچ نے اِس سلسلے میں کئی FIR درج کی تھی، جس سے Travancore Devaswom Board کے عہدیداروں، پرائیویٹ افراد، بچولیے اور جیولرس کے ملوث ہونے کی گہری مجرمانہ سازش کا پتہ چلتا ہے۔ ابتدائی چھان بین سے پتہ چلا ہے کہ ان مصنوعات کو، جن پر سونے کا پانی چڑھتا ہے، جان بوجھ کر سرکاری ریکارڈ میں کاپر پلیٹس دکھایا گیا ہے اور اِنہیں 2019-2025 کے دوران مندر کے احاطے سے غیرقانونی طور پر ہٹا دیا گیا۔ سونے کو مبینہ طور پر چنئی اور کرناٹک میں نجی ٹھکانوں پر کیمیاوی عمل کے ذریعے نکالا گیا۔×

## Rev. TN - Governer

تمل ناڈو کے گورنر آر این رَوی کو آج، DMK حکومت کے تیار کردہ متن کو، اِس کی خامیوں کے سبب، ریاستی اسمبلی میں اُن کے روایتی خطاب کے طور پر پڑھ کر سنانے سے روکا گیا۔ لوک بھون نے ایک تفصیلی وضاحت جاری کی ہے، جس میں خاص طور پر کہا گیا ہے کہ گورنر کو اِسے پڑھنے کا موقع دینے سے روکا گیا ہے۔ یہ کہا گیا ہے کہ گورنر کے مائکروفون کو بار بار بند کرکے انہیں اِس خطاب کو پڑھنے سے روکا گیا اور انہیں ایوان کے سامنے اپنے خیالات ظاہر نہیں کرنے دیا گیا۔

لوک بھون نے کہا کہ تمل ناڈو سرکار دعویٰ کرتی ہے کہ ریاست میں 12 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کی بڑی سرمایہ کاری ہوئی ہے، جو سچائی سے بہت دور ہے۔ گورنر نے یہ وجہ بتاتے ہوئے واک آوٹ کردیا کہ قومی ترانہ نہیں بجایا گیا۔

تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن نے کہا کہ گورنر کا یہ قدم کسی منتخبہ سرکار کی توہین ہے اور اِس قدم کو غیر آئینی قرار دیا۔×

**Bombay HC Maha Govt**

بامبے ہائی کورٹ نے قبائلی **Melghat** خطے میں بچے اور زچے کی اموات سے نمٹنے میں ناکامی پر مہاراشٹر حکومت کی سرزنش کی ہے۔ عدالت نے ریاست کو ہدایت دی ہے کہ وہ چار ہفتے کے اندر اندر حفظانِ صحت کی سہولتوں، بنیادی ڈھانچے اور پہلے کی کمیٹی رپورٹس کے نفاذ سے متعلق ایک جامع خاکہ پیش کرے۔ عدالت کی دو ججوں کی بینچ، ڈاکٹر راجندر برما اور بندو سین کی جانب سے دائر کی گئی مفادِ عامہ کی درخواستوں پر سماعت کررہی تھی۔×

**EU Summit - Greenland Tariffs**

یوروپی یونین سے وابستہ ملکوں کے رہنما، اِس جمعرات کو ایک ہنگامی سربراہ کانفرنس منعقد کریں گے۔ یوروپی کمیشن کے ترجمان **Olof Gill** نے بتایا کہ اِس میٹنگ میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی بیان کردہ، گرین لینڈ کو قبضے میں لینے کی خواہش سے مربوط محصولات کی، امریکی دھمکیوں پر توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ یوروپی یونین، محصولات کی دھمکیوں کے بارے میں ہر سطح پر امریکہ کے ساتھ بات چیت کررہی ہے اور یہ بلاک، اپنے اقتصادی مفادات کے تحفظ کیلئے ہر ممکن قدم اُٹھا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ محصولات عائد کیے گئے تو بلاک اِس کا جواب دینے کیلئے تیار ہے۔

اِس سے پہلے **EU** کے سفیروں نے ایک ہنگامی اجلاس کیلئے پچھلے اتوار کو برسلز میں میٹنگ کی تھی۔

اِس بات چیت میں امریکہ کی طرف سے محصولات کی دھمکیوں اور اِس کے ممکنہ جوابات پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ امریکہ کو قومی سلامتی کیلئے گرین لینڈ کی ضرورت ہے۔ انہوں نے خبردار کی تھا کہ اگر اِس سلسلے میں کوئی معاہدہ نہ ہوا تو محصولات عائد کردیے جائیں گے۔×

**Pakistan - Railway Track**

کوئٹہ اور پاکستان کے دوسرے علاقوں کے درمیان چلنے والی ریل گاڑی، کل کُچھ گھنٹے کیلئے معطل کردی گئیں، کیونکہ کُچھ نامعلوم لوگوں نے ریل پٹری کے ایک حصے کو، دھماکے سے اُڑا دیا۔ یہ دھماکہ، ڈیرا مراد جمالی کے قریب تقریباً 3 کلوگرام دھماکہ خیز مادے سے کیا گیا۔

پولیس نے بتایا کہ کُچھ نامعلوم لوگوں نے نصیر آباد ضلع میں صبح کے وقت، ڈیرا مراد جمالی علاقے میں اہم ریل پٹری پر ایک دیسی ساخت کا بم رکھ دیا۔ اِس کے بعد اِس سے دھماکہ کردیا۔×

**Iran Portest**

انسانی حقوق کے علمبرداروں کی نیوز ایجنسی نے کہا ہے کہ ایران میں ملک گیر احتجاج کے خلاف کارروائی میں چار ہزار 29 افراد ہلاک ہوئے ہیں، جبکہ 26 ہزار سے زیادہ لوگوں کو حراست میں لیا گیا ہے۔ ہلاک ہونے والوں میں زیادہ تر مظاہرین ہیں، جن میں بچے بھی شامل ہیں۔ اگرچہ کہ مرنے والوں کی تعداد کی تصدیق نہیں ہوسکی ہے۔ ایران کے وزیرخارجہ عباس عراقچی نے ہلاکتوں کے معاملے پر سوئٹزرلینڈ کے شہر **Davos** میں عالمی اقتصادی فورم میں اظہارِخیال کرنے کا اپنا دعوت نامہ واپس لے لیا ہے۔ اُدھر میونخ کی سکیورٹی کانفرنس نے مظاہرین کے خلاف کارروائی کے معاملے پر علیحدہ طور پر ایرانی

سرکار کے عہدیداروں کیلئے اپنا دعوت نامہ واپس لے لیا ہے۔

اِس دوران ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے اِس بات کا اعتراف کیا ہے کہ کئی ہزار لوگوں کی موت ہوئی ہے اور اُنہوں نے اِس کیلئے امریکہ کو موردِ الزام ٹھہرایا ہے۔ اُدھر ایرانی عہدیداروں نے خبردار کیا ہے کہ احتجاج کرنے والوں کو سخت سزائیں دی جائیں گی۔×

## Leh - Khelo India

لداخ کے شہر لیہہ میں موسم سرما کے، چھٹے کھیلو انڈیا مقابلے شروع ہوگئے ہیں۔ لیفٹیننٹ گورنر کِوندر گُپتا نے اِن کھیل مقابلوں کا افتتاح کیا۔

21 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے کھلاڑی، برف پر کھیلے جانے والے ہاکی اور اِسکیٹنگ مقابلوں میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ ہاکی مقابلے NDS آئس ہاکی اسٹیڈیم اور Phyang میں لداخ اسکاوٗٹ رجیمنٹل مرکز میں منعقد کیے جائیں گے، جبکہ آئس اِسکیٹنگ مقابلوں کیلئے Guphuk Frozen Pond کو چنا گیا ہے۔×

## Cricket - WPL

خواتین پریمئرلیگ کرکٹ میں، آج شام وڈودرہ کے کوٹامبی اسٹیڈیم میں دِلّی کیپٹلس کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے کھیلا جائے گا۔

کل وڈودرہ کے رائل چیلنجرس بینگلورو نے گجرات جائنٹس کو 61 رن سے شکست دی۔ خواتین پریمئر لیگ 2026 کے میچ دو شہروں میں کھیلے جارہے ہیں۔ ٹورنامنٹ کا نوی ممبئی کا مرحلہ مکمل ہونے کے بعد سبھی پانچوں ٹیمیں باقی کے میچ کھیلنے کیلئے گجرات پہنچ گئی ہیں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆